Since 1998

# سکول آف اسسٹنٹ ہیلتھ آفیسرز

# School of Assistant Health Officers


## پراسپیکٹس



2020-21

## سلطانہ فاؤنڈیشن

اصلاح فکر تعلیمی وفلاحی ٹرسٹ (رجسٹرڈ)



ڈاکٹر ندیم نعیم

ڈائریکٹر میڈیکل سروسز



ڈاکٹر اقبال خان نیازی



ڈاکٹر اسماء قناطیر



مسز فاروق ڈیوڈ جان

پرنسپل سکول آف AHQs

# اسسٹنٹ ہیلتھ آفیسرز ڈپلومہ

## تعارف

انسانی خوشگواری میں صحت کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔ صحت کے دائرے میں جسمانی صحت، ذہنی و عقلی صحت اور روحانی صحت سب کی اہمیت یکساں ہے۔ جسمانی صحت کی حفاظت کے لئے متعدد پہلوؤں پر توجہ کی ضرورت ہوتی ہے۔

- صحت کی حفاظت: صحت مند طرز حیات (Healthy Life Style)
- صحت کے لئے حفاظتی تدابیر (Preventive Measures)
- صحت میں خلل کی صورت میں علاج (Curative Medicine)

ان تینوں پہلوؤں کو مؤثر بنانے کے لیے ان سے متعلق آگاہی، مناسب علم اور کچھ بنیادی تربیتیں حاصل کرنا ہر فرد کی ذمہ داری بنتی ہے۔

حفاظتی تدابیر اور علاجی سہولتوں کے لئے معاشرتی ڈھانچے میں مناسب سہولتوں کا انتظام بنیادی ضرورت بنتی ہے۔ اس صحتی انتظام میں کلیدی کردار باقاعدہ تربیت یافتہ عملہ ادا کرتا ہے جن میں اطباء، طبی مساعدین اور منتظمین شامل ہوتے ہیں۔

سلطانہ فاؤنڈیشن نے ان طبی علوم کے عاملین کی کمی کو محسوس کرتے ہوئے 1998ء میں اسسٹنٹ ہیلتھ آفیسرز کے نام سے بنیادی نرسنگ کا ایک سالہ کورس شروع کیا۔

اسسٹنٹ ہیلتھ آفیسرز کا پروگرام اب 23 ویں بیچ میں داخل ہو چکا ہے اور ہر سال 32 اسسٹنٹ ہیلتھ آفیسرز تیار کی جا رہی ہیں۔ صحت جیسے اہم معاشرتی عنصر میں یہ تربیت یافتہ خواتین انتہائی کارآمد ثابت ہو رہی ہیں۔

## فیکلٹی

- ڈاکٹر ندیم نعیم، کنسلٹنٹ کارڈیالوجسٹ

  ڈائریکٹر میڈیکل سروسز، سلطانہ فاؤنڈیشن

- مِسز فاروق ڈیوڈ

  پرنسپل سکول آف اسسٹنٹ ہیلتھ آفیسرز، سلطانہ فاؤنڈیشن

- نادیہ گل، ٹیوٹر نرس

## میڈیکل سٹاف

- ڈاکٹر اقبال نیازی

  میڈیکل آفیسر انچارج، سلطانہ فاؤنڈیشن

- ڈاکٹر اسماء قناطیر، میڈیکل آفیسر

## اعزازی فیکلٹی

| | |
|---|---|
| کرنل (ر) ڈاکٹر عبدالجبار | ای این ٹی سپیشلسٹ |
| پروفیسر ڈاکٹر منور احمد | پروفیسر آف ریڈیالوجی (ریٹائرڈ) |
| پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود | پروفیسر آف ای این ٹی (ریٹائرڈ) |
| پروفیسر ڈاکٹر بختیار کیانی | آئی سپیشلسٹ |
| ڈاکٹر نسرین عزیز غنی | گائناکالوجسٹ |
| ڈاکٹر ثمینہ ایاز | First Aid |
| ڈاکٹر سامیہ احمد | Health Awareness |

## سکول آف اسسٹنٹ ہیلتھ آفیسرز کے اہداف

ایک سالہ کورس میں ایسی خواتین کی تیاری جو بنیادی طبی علوم، طبی علاج، صحتی حفاظتی تدابیر، صحت اور صفائی، صحت مند طرز حیات، صحت مند خوراک، ماحولیاتی مضرات کی معلومات وغیرہ سے پوری طرح لیس ہوں۔ ساتھ ساتھ کسی طبی سہولت کو منظّم کرنیکی پوری اہل ہوں۔ طبی ریکارڈ رکھنے اور ایمرجنسی حالت کو سنبھالنے میں با اعتماد ہوں۔ فرسٹ ایڈ دینے کی پوری مہارت رکھتی ہوں۔ زچہ و بچہ کی نگہداشت سے بھی واقف ہوں۔

## محلِ وقوع

سلطانہ فاؤنڈیشن لہتراڑ روڈ پر واقع ہے جہاں پہنچنے کے لیے زیرو پوائنٹ اسلام آباد سے براستہ چک شہزاد ماڈل ٹاؤن بھی پہنچا جا سکتا ہے اور اسلام آباد ہائی وے پر واقع کھنہ پل سے بھی فاؤنڈیشن تک سڑک آتی ہے۔ کھنہ سے فاؤنڈیشن کا فاصلہ 9 کلومیٹر ہے جبکہ زیرو پوائنٹ سے بذریعہ گاڑی 20 منٹ کا راستہ ہے۔

## سہولیات

- پرنسپل اور ٹیوٹر کے لئے دفتر اور سٹاف روم
- لیکچر روم جو کہ مشترکہ پڑھائی کے لئے بھی استعمال ہو سکتا ہے
- ایک لیبارٹری (تمام ضرری ساز و سامان سے لیس)
- کلینک میں عملی طبی تجربہ کی سہولت
- اسلام آباد کے مختلف ہسپتالوں میں زچگی کی تربیت کی سہولت
- میرٹ کی بنیاد پر پہلی 25 طالبات کو:

- 1300 روپے ماہانہ وظیفہ، 200 روپے یونیفارم الاؤنس دیا جائے گا۔
- غیر حاضری کی صورت میں سکالرشپ کاٹ لیا جائے گا۔
- باعزت باوقار ماحول

## لائبریری

عبدالرؤف خان لائبریری میں اس وقت 14000 سے زائد کتب موجود ہیں۔ یہ ذخیرہ کتب اسلام اقبالیات، پاکستانیات، انگریزی ادب، اردو ادب، فلسفہ، سوشل سائینسز، تاریخ، بین الاقوامی تعلقات، معاشیات، کمپیوٹر سائنس، بزنس مینجمنٹ، میڈیکل اور نصابی کتب پر مشتمل ہے۔

فاؤنڈیشن کی مرکزی لائبریری سے کتب مستعار لی جاسکتی ہیں۔ لائبریری کی ممبرشپ فیس 100 روپے ہے۔ لائبریری کی رکنیت حاصل کرنے کے لئے رکنیت فارم لائبریری سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔ فارم مکمل کر کے اپنی دو عدد تصاویر اور اپنے یا والد کے شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ لائبریری میں جمع کرادیں۔ دفتری کارروائی کے بعد طالبات کو لائبریری کی رکنیت مل جائے گی۔

## کورس میں شمولیت کی شرائط و کوائف

تعلیم: میٹرک اے گریڈ یا بی گریڈ
(میٹرک سائنس اور انٹر میڈیٹ کو ترجیح دی جائے گی)

عمر: 16 سے 23 سال

کورس کا دورانیہ: ایک سال

ازدواجی حیثیت: غیر شادی شدہ

## داخلہ کے لئے

- داخلہ پراسپیکٹس بمع فارم سکول کے دفتر سے حاصل کریں۔

- پُر شدہ درخواست فارم بمع ضروری دستاویز مقررہ تاریخ تک دفتر میں جمع کروائیں۔
- دی گئی تاریخ پر ٹیسٹ اور انٹرویو کے لئے حاضر ہوں۔
- پرنسپل صاحبہ کو داخلہ دینے یا نہ دینے کا مکمل اختیار ہوگا۔
- جو طالبات سکول میں داخلے کی اہل قرار دی جائیں گی ان کے ناموں کی فہرست سکول نوٹس بورڈ پر لگا دی جائے گی۔
- تعلیمی اسناد میں اگر داخلے کے بعد کوئی بے قاعدگی یا غلطی پائی گئی تو ایسی طالبہ کا داخلہ خود بخود منسوخ تصور ہوگا۔
- سکول انتظامیہ اس بات کی مجاز ہوگی کہ وہ کسی بھی طالبہ کو وجہ بتائے بغیر داخلہ دینے سے انکار کر دے۔ یہ فیصلہ کسی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جاسکے گا۔

## داخلہ فارم کے ساتھ مندرجہ ذیل چیزیں منسلک کریں

- اپنا شناختی کارڈ (ب فارم) اور سرپرست کے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی
- میٹرک اور ایکسٹرا کوالیفیکیشن کی فوٹو کاپی
- 2 عدد پاسپورٹ سائز تصدیق شدہ تصاویر
- سرپرست کے ہاتھ کا لکھا ہوا اجازت نامہ بمع دستخط اور شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی

## سکول کے قواعد وضوابط

- لباس: تمام طالبات مکمل یونیفارم میں آنے کی پابند ہوں گی۔
- یونیفارم سکول تیار کروائے گا جبکہ طالبات یونیفارم کا خرچ خود ادا کریں گی۔

- تمام طالبات کے لئے ضروری ہے کہ فاؤنڈیشن کی حدود میں چادر اوڑھیں۔
- **میک اپ اور زیورات:** کسی بھی قسم کے میک اپ اور زیورات کی قطعی اجازت نہیں ہے۔
- **موبائل فون:** سکول کے اوقات میں موبائل فون پاس رکھنے اور استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ موبائل فون ساتھ لانے والی طالبات اپنے موبائل فون پرنسپل صاحبہ کے آفس میں جمع کرائیں گی اور چھٹی کے وقت واپس لے لیں گی۔ کسی ایمرجنسی کی صورت میں گھر والے پرنسپل صاحبہ کو فون کریں۔ کسی طالبہ کو ایمرجنسی ضرورت ہو تو وہ بھی پرنسپل صاحبہ سے بات کرے۔ پرنسپل صاحبہ مناسب سمجھیں تو فون استعمال کرنے کی اجازت دیں گی۔

## چھٹی

- کلاس میں طالبات کی باقاعدہ حاضری پر سختی سے عمل ہوگا۔ رخصت کی درخواست کے بغیر مسلسل سات روز غیر حاضر رہنے والی طالبات کا نام خود بخود سکول سے خارج تصور ہوگا۔
- بغیر اطلاع غیر حاضری پر مقرر کردہ جرمانہ کیا جائے گا۔
- کسی ناگہانی صورت حال میں تحریری درخواست پر پرنسپل کی منظوری ضروری ہوگی۔

## دیگر ہدایات

- طالبات بغیر اجازت فاؤنڈیشن کے کسی دوسرے شعبے میں نہیں جاسکتیں۔
- فاؤنڈیشن کی حدود میں کسی بھی ملاقاتی سے ملنے ک اجازت نہیں ہے۔ بصورت ضرورت پرنسپل صاحبہ سے رابطہ کریں۔
- طالبات بغیر اجازت اپنی ڈیوٹی تبدیل نہیں کرسکتیں۔
- سکول کی انتظامیہ ہر طالبہ کا مکمل ریکارڈ رکھتی ہے۔
- قواعد وضوابط کی خلاف ورزی پر Explanation (صفائی) طلب کی جائے گی۔
- کسی چھوٹی غلطی کی مرتکب ہونے کی صورت میں صرف وارننگ دی جائے گی اور کسی بڑی

غلطی کی مرتکب ہونے کی صورت میں Inquiry (مکمل چھان بین) کی جائے گی۔

- انکوائری کے بعد قصوروار پائی جانے والی طالبہ کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔
- بہرصوت حتمی فیصلہ فاؤنڈیشن کے چیئر مین ہی کریں گے۔

## امتحانات کے قواعد وضوابط

- امتحانات کے لئےPracticalاور لیکچرز میں کم از کم 80% (اسی فیصد) حاضری ہونا ضروری ہے۔
- کوئی بھی مضمون جس زبان میں پڑھا جائے گا اسی زبان میں اس کا امتحان بھی لیا جائے گا۔
- ہر سیشن کے امتحانات میں اول، دوئم اور سوئم آنے والی طالبات کو انعامات دیئے جائیں گے۔
- امتحانات میں پاس ہونے کے لیے 50% نمبر حاصل کرنا ضروری ہیں۔

## تدریسی پروگرام

- اس ایک سالہ پروگرام میں نرسنگ ٹکنیکس، حمل کا زیاں اور ماں اور نوزائیدہ بچے کی دیکھ بھال شامل ہے۔
- سال کا پہلا حصہ 2 ماہ کی ابتدائی ٹریننگ کا ہے۔
- دوسرا حصہ پانچ ماہ پر مشتمل ہے جس میں مندرجہ ذیل مضامین پڑھائے جاتے ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Ethics | 12 Hrs |
| 2. | English | 30 Hrs |
| 3. | Anatomy & Physiology | 150 Hrs |
| 4. | Personal & Community Health | 100Hrs |
| 5. | Nursing Techniques | |

| | | |
|---|---|---|
| | Lectures | 150 Hrs |
| | Practical | 100 Hrs |
| 6. | Microbiology | 15 Hrs |
| 7. | Names & Definitions of Medical Surgical Diseases | 80 Hrs |
| 8. | ENT & Eye | 20 Hrs |
| 9. | Pharmacology | 10 Hrs |
| 10. | Midwifery | 60 Hrs |
| 11. | First Aid | 10 Hrs |
| 12. | Clinical | 120 Hrs |

- کورس کا تیسرا حصہ 3 ماہ پر مشتمل ہے جس میں ماں اور بچے کی دیکھ بھال اور بیماریوں سے حفاظت (Immunization) شامل ہیں۔
- چوتھا حصہ 2 ماہ کا ہے جو امتحانات پر مشتمل ہے۔

## تدریسی طریقہ کار

- لیکچرز
- بحث ومباحثہ
- اسائنمنٹ/ مشقیں
- ڈیمانسٹریشن
- تعلیمی دورے

# سکول آف اسسٹنٹ ہیلتھ آفیسرز کا تصویر نامہ









# جذبۂ خدمت

- جس نے ایک جان بچائی اس نے پوری انسانیت کی جان بچائی۔
(قرآن (32/5
- مخلوق کی خدمت میں بہت بڑی خدمت بیماروں کی خدمت ہے۔
- مریض کو اللہ کا مہمان اور اپنے لیے رحمت سمجھو اور اس کی خدمت اور دیکھ بھال اچھی طرح کر کے اللہ کی رحمتیں سمیٹ لو۔
- مریض شکستہ دل ہوتا ہے اور شکستہ دل کی دعا اور اللہ کے درمیان کوئی پردہ نہیں ہوتا۔لہٰذا مریض کی بے لوث خدمت کر کے اس کی دعائیں لے لو۔
- کسی ہسپتال کی عظمت کا انحصار اس کی عمارت، قیمتی آلات و ادویات پر نہیں بلکہ ہسپتال کے عملہ کے رویہ، سلوک اور بے لوث جذبۂ خدمت پر ہے۔


سلطانہ فاؤنڈیشن

لہتراڑ روڈ، فراش ٹاؤن، پوسٹ بکس 2700، اسلام آباد

فون: 051-2618201-06

ای میل: info@sultanafoundation.org